# وکٹوریہ کی انسداد نسل پرستی کی حکمت عملی

# 2024-2029 ایک نظر میں

وکٹوریہ کی حکومت بھر کے لیے پہلی انسداد نسل پرستی کی حکمت عملی وکٹوریہ میں۔ **نسل پرستی اور امتیازی سلوک کو روکنے کے لیے ایک 5 سالہ منصوبہ ہے۔**

مل کر کام کرنے سے، ہم ایک زیادہ منصفانہ، محفوظ تر وکٹوریہ بنا سکتے ہیں جہاں ہر کوئی خود کو شامل محسوس کرتا ہو۔

## نسل پرستی کیا ہے؟

نسل پرستی امتیازی سلوک کی ایک شکل ہے جہاں لوگوں کے ساتھ ان کی نسل یا لسانیت کی وجہ سے غیر منصفانہ سلوک کیا جاتا ہے۔ اس میں زبانی بدسلوکی، اخراج یا دوسروں کی طرح مساوی رسائی یا مواقع نہ دینا شامل ہو سکتا ہے۔

نسل پرستی کی کئی مختلف اشکال ہوسکتی ہیں۔ یہ حکمت عملی ان میں نسل پرستی سے نمٹنے پر توجہ مرکوز کرتی ہے:

- کمیونٹی
- تنظیمیں اور ادارے
- قوانین، پالیسیاں اور نظام۔

## ہمارا تصور

ایک ایسا وکٹوریہ جو نسل پرستی اور امتیاز سے پاک ہو، جہاں وکٹوریہ کے تمام باشندے مساوی حقوق، آزادیوں اور تحفظات سے لطف اندوز ہوتے ہوں، اور محفوظ، صحت مند اور معاون کمیونٹیوں میں ترقی کرتے ہوں۔

**وکٹوریہ میں نسل پرستی اور امتیازی سلوک کو کم کرنے کے لیے حکمت عملی کے 4 اہداف ہیں:**

**ہدف 4۔**
**نسل پرستی کےشکار افراد کو مناسب اور ثقافتی طور پر محفوظ خدمات اور معاونتیں حاصل ہوں**

**ہدف 3۔**
**نسل پرستی اور امتیازی سلوک اب تمام شعبوں میں شرکت، ترقی، حفاظت اور کامیابی میں رکاوٹ نہ رہے**

**ہدف 2۔**
**سرکاری خدمات اور کام کی جگہیں محفوظ، قابل رسائی اور امتیازی سلوک سے پاک ہیں**

**ہدف 1۔**
**نسل پرستانہ رویوں، طرز عمل اور عقائد کی موجودگی کو تسلیم کیا جائے، انہیں چیلنج کیا جائے اور مسترد کیا جائے**

## اس تصور کو عملی جامہ پہنانا

نسل پرستی کے خلاف حکمت عملی درج ذیل امور انجام دے گی:

- **کمیونٹی کھیلوں** میں نسل پرستی سے نمٹنے کے لیے ریاست گیر مہم چلانا
- مقامی سطح پر نسل پرستی کو چیلنج کرنے کے لیے **کمیونٹی کی قیادت** میں کارروائی کی حمایت
- نفرت انگیز تقریر اور رویے کے خلاف **تحفظات اور قوانین** کو مضبوط کرنا
- شکایات کی نگرانی کرنے والی تنظیموں کے طریقہ کار کو بہتر بنانا جو نسل پرستی کی **رپورٹوں کا ردعمل دیتی ہیں**
- **پولیس کے ذریعے قوانین کے نفاذ سے** نسل پرستی اور امتیازی سلوک کو کم کرنا
- **آجروں اور تنظیموں**کی جانب سے نسل پرستی کو روکنے اور اس کا جواب دینے کے طریقے کو بہتر بنانا
- ان لوگوں کے لیے مقامی انسداد نسل پرستی کے **سپورٹ نیٹ ورکس** کی اعانت کرنا جنہیں نسل پرستی کا تجربہ ہوا ہے۔

ہم نسل پرستی کو کم کرنےکی حکمت عملی کے اثرات کو جانچیں گے اور اپنی پیشرفت پر کمیونٹی کو واپس رپورٹ کریں گے۔

VICTORIA
State
Government

# ہمیں اس حکمت عملی کی ضرورت کیوں ہے؟

وکٹوریہ کے باشندوں کا تعلق

**300 سے زیادہ مختلف نسبوں سے ہے**

وہ 290 **زبانیں اور بولیاں بولتے ہیں**

تقریباً **200 مختلف عقائد کی پیروی کرتے ہیں**


**2022 میں**، آسٹریلیا میں **5 میں سے 3 (60%)** قدیمی باشندوں نے **نسل پرستی کا سامنا کرنے کی رپورٹ کی تھی**

**2023 میں**، **5 میں سے 1 شخص (18%)** نے **آسٹریلیا میں نسل پرستی کا سامنا کرنے کی رپورٹ کی تھی**

**3 میں سے 5 آسٹریلین (63%)** ایشیا، افریقہ یا مشرق وسطی یا غیر مسیحی مذہب سے تعلق رکھنے والے **ایک یا زیادہ مہاجر گروہوں** کے بارے میں منفی خیالات رکھتے ہیں

**5 میں سے 3 آسٹریلین (62%)** نسل پرستی کو **'بہت بڑا' یا 'کافی بڑا' مسئلہ سمجھتے ہیں**

**معلومات اور کمیونٹی خدمات پراعتماد کی کمی کا مطلب یہ ہو سکتا ہے کہ نسل پرستی کو کم رپورٹ کیا جاتا ہے۔**



**وکٹوریہ کے 30% باسی بیرون ملک پیدا ہوئے ہیں**



**آسٹریلیا کے 8% قدیمی لوگ وکٹوریہ میں رہتے ہیں**

## وکٹوریہ میں نسل پرستی کی اطلاع دینا



کسی کو بھی نسل پرستی کو برداشت نہیں کرنا چاہیے۔ اگر آپ وکٹوریہ میں نسل پرستی یا امتیازی سلوک کا تجربہ یا مشاہدہ کرتے ہیں، تو آپ اس کی اطلاع دے سکتے ہیں۔

### وکٹوریہ کا مساوی مواقع اور انسانی حقوق کمیشن

ہفتے کے دن صبح 10 بجے سے دوپہر 2 بجے تک 153 292 1300 پر کال کریں۔ اگر آپ کو مفت ترجمان کی ضرورت ہو تو 494 152 1300 پر کال کریں۔

ای میل **enquiries@veohrc.vic.gov.au**

**آن لائن طریقے سے ایک غیر رسمی رپورٹ** کریں <https://www.humanrights.vic.gov.au/get-help/community-reporting-tool> پر۔

**رابطہ کریں نیشنل Relay سروس سے** <https://www.humanrights.vic.gov.au/get- help/contact-us> پر۔

### وکٹوریہ پولیس

ہنگامی صورت حال میں، جاری جرم کی اطلاع دینے کے لیے، یا پولیس کو فوراً حاضرکرنے کے لیے، ٹرپل زیرو (000) پر کال کریں۔

غیر ہنگامی حالات میں، پولیس کی معاونتی لائن کو 444 131 پر کال کریں یا مفت ترجمان کے لیے 450 131 پر کال کریں۔

آپ اپنے مقامی پولیس اسٹیشن میں یا **آن لائن** <https://www.police.vic.gov.au/police-assistance-line-and-online-reporting> پر رپورٹ درج کروا سکتے ہیں۔

آپ گمنام طور پر رپورٹ کر سکتے ہیں کرائم اسٹاپرز کو 000 333 1800 یا <www.crimestoppers.com.au>پر۔

**مزید معاونت اور رپورٹنگ کے اختیارات کے لیے،** مہربانی کرکے ملاحظہ کریں **وکٹوریہ کی انسداد نسل پرستی کی حکمت عملی** ویب سائیٹ <https://vic.gov.au/victorias-anti-racism-strategy>



## ہم نے کس سے بات کی ہے

ہم نے وکٹوریہ کے **670 سے زیادہ رہائشیوں کو سنا ہے جن کا تعلق قدیمی لوگوں، کثیر ثقافتی اور کثیر المذاہب برادریوں سے تھا۔** ان میں کمیونٹی لیڈرز، ماہرین اور فرنٹ لائن ورکرز شامل تھے۔

## مزید معلومات

آپ **آن لائن** <https://vic.gov.au/victorias-anti-racism-strategy> پر کئی زبانوں میں ترجمہ شدہ مکمل حکمت عملی کو پڑھ سکتے ہیں۔

مزید معلومات کے لیے آپ زبانی و تحریری ترجمے کی سروس (TIS) کو 450 131 پر کال کر سکتے ہیں اور ڈیپارٹمنٹ آف پریمیئر اینڈ کیبنٹ کو 5111 9651 03 پر کال کر سکتے ہیں، یا **آپ ڈیپارٹمنٹ آف پریمیئر اینڈ کیبنٹ کو ای میل کر سکتے ہیں** <antiracism.strategy@dpc.vic.gov.au>

وکٹوریہ کی حکومت نے اس دستاویز کی تصنیف و طباعت کی ہے، 1 Treasury Place، میلبورن۔

© ریاست وکٹوریہ، آسٹریلیا، محکمہ پریمیئر اور کابینہ، نومبر 2024۔

ISBN 978-1-923294-23-3 (آن لائن/PDF/Word) یا (پرنٹ شدہ)

یہاں پر دستیاب ہے **وکٹوریہ کی انسداد نسل پرستی کی حکمت عملی 2024-2029** <https://vic.gov.au/victorias-anti-racism-strategy>

چھپائی کی گئی بذریعہ پرنٹنگ کمپنی کا نام، مضافاتی علاقہ (بریکٹ میں ڈیزائن جاب نمبر داخل کریں)